© rasailojaraid.com



# فتاوے

**سوال** :- زید نے اپنی بیوی کا دودھ پی لیا اور اس وجہ سے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام جانکر طلاق دیدی پھر ایام عدت میں ایک مولوی کے کہنے سے یا اپنے ہی طور سے رجوع کر لیا پس کیا بیوی کا دودھ پی لینے سے زید پر اس کی بیوی حرام ہو گئی ؟ اور کیا حرام سمجھکر دی ہوئی طلاق شرعاً معتبر ہوگی۔ اگر معتبر ہوگی تو کیا زید کا عدت کے اندر رجوع کر لینا درست اور صحیح ہوا۔ محمد مسلم ازمالدہ

**جواب** :- زید پر اس کی بیوی حرام نہیں ہوئی۔ حرمت رضاعت اس وقت ثابت ہوتی ہے جب بچہ مدت رضاعت یعنی دو برس کی عمر کے اندر کسی عورت کا دودھ پی لے۔ دو برس کی عمر کے بعد دودھ پینے سے حرمت نہیں ثابت ہوتی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں انما الرضاعۃ من المجاعۃ (بخاری ومسلم) لایحرم من الرضاع الا ما فتق الامعاء (ترمذی وحاکم) عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا رضاع الا ما کان فی الحولین (دار قطنی وبیہقی وغیرہ) لیکن شوہر کیلئے احتیاط اس میں ہے کہ بیوی کا دودھ نہ پئے کیونکہ سلف میں حضرت عائشہؓ اور امام داؤد علامہ ابن حزم ظاہری وغیرہ حضرت سالم مولی ابی حذیفہ کے واقعہ سے استدلال کرتے ہوئے رضاعت کبیر کے قائل ہیں پس ورع واحتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ اس سے قطعی پرہیز کیا جائے۔ صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر طلاق واقع ہو گئی اس کی اس مسئلہ سے ناواقفی ولاعلمی وقوع طلاق سے مانع نہیں ہوگی۔ واما شرط الطلاق علی الخصوص فتیئان احدھما قیام القید فی المرءۃ نکاحا وعدۃ والثانی قیام حل محل النکاح حتی لو حرمت بالمصاھرۃ بعد الدخول بھا حتی وجبت العدۃ فطلقھا فی العدۃ لم یقع لزوال الحل واذا طلقھا ثم راجعھا یبقی الطلاق وان کان لا یزیل الحل والقید فی الحال الخ (عالمگیری)

اگر زید نے طلاق رجعی دی تھی تو رجوع کرنا درست ہوا اور اگر طلاق بائن دی تھی تو رجوع کرنے سے اسکی مطلقہ اسکی زوجیت میں واپس نہیں آئی۔ اور یہ رجوع کرنا لغو ہے ہاں اگر یہ مطلقہ راضی ہو تو نکاح جدید کے ذریعہ اسکو اپنی زوجیت میں لا سکتا ہے۔

**سوال** :- (۱) کیا نیم آستین اور صدری پہنکر عورت اور مرد نماز پڑھ سکتے ہیں ؟

(۲) نیند کے خوف سے عشا ہی کے وقت وتر پڑھ لے اور آخر وقت نیند ٹوٹنے پر تہجد ادا کرلے کیا ایسا کرنا جائز ہے ؟

(۳) میت کے ذمہ فرضی روزہ فوت شدہ کامل مہینے بھر کا ہو تو اس کے وارث بیٹا بیٹی اور نانی نواسی بہو وغیرہ رکھ سکتے ہیں یا نہیں اور سب ملکر دو دو چار چار روزے رکھ دیں یا اکیلا ایک شخص۔ اگر اکیلا ایک شخص نہ رکھ سکے تو ادائگی کی کیا صورت ہے اور فوراً رکھیں یا دو چار سال بعد بھی رکھ سکتے ہیں ؟

(۴) پائخانے کے بچے ہوئے یا استنجا کے بچے ہوئے پانی سے یا جھوٹے پانی سے وضو کر سکتے ہیں یا نہیں اور وضو کے بچے ہوئے پانی سے استنجا پاک کر سکتے ہیں یا نہیں ؟

© rasailojaraid.com